BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن اپنی کمیونٹی کو صاف ستھرا، محفوظ اور سر سبز رکھنے میں مدد کے حصول کے لیے آلودگی سے بچاؤ کا ہفتہ منا رہا ہے

برامپٹن، آن (18 ستمبر 2023) – سٹی آف برامپٹن مورخہ 18 تا 22 ستمبر تک آلودگی سے بچاؤ کا ہفتہ منا رہا ہے اور اس دوران اپنے رہائشیوں، مہمانوں اور کاروباری اداروں کے لیے قدرتی ماحول کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرے گا۔

آلودگی سے بچاؤ کا ہفتہ سالانہ بنیادوں پر چلائی جانے والی ایک مہم ہے جس کا مقصد روزمرہ کے ایسے اقدامات کے بارے میں شعور بیدار کرنا ہے جو ہمارے ماحول میں داخل ہونے والی آلودگی کی مقدار میں کمی لانے اور اسے روکنے کے لیے اٹھائے جا سکتے ہیں۔

اس سال برامپٹن آلودگی سے بچاؤ کی اہمیت پر روشنی ڈالے گا جس دوران گندگی میں کمی لانے اور برامپٹن کے طوفانی پانی کی نکاسی کے نظام کے بارے میں بیداری پیدا کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ طوفان کا پانی بارش کی صورت میں اور پگھلی ہوئی برف کا پانی جو سڑکوں سے شہر کے طوفانی پانی کی نکاسی کے نظام میں جاتا ہے اور بالآخر ہمارے ماحول میں مضر اجزاء کے ساتھ داخل ہو جاتا ہے۔ طوفان کا پانی جب زمین کے اوپر سے گزرتا ہے تو یہ آلودگی کو اپنے ساتھ اٹھا کر لے جاتا ہے اور اس میں میں پالتو جانوروں کا فضلہ، کھاد، کیڑے مار ادویات، سڑکوں پر ڈالا جانے والا نمک، موٹر آئل اور گاڑیوں کے مائعات اور کوڑا کرکٹ وغیرہ شامل ہو جاتا ہے۔ گندگی میں کمی لانے اور خطرناک مواد کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے سے آلودگیوں کو طوفان کے پانی کی نکاسی کے نظام میں داخل ہونے سے روکنے میں مدد ملتی ہے۔

**آلودگی کی روک تھام کے لیے سرفہرست پانچ اقدامات:**

1. اپنی پراپرٹی کو صاف ستھرا اور کوڑے کرکٹ سے پاک رکھیں یا کسی مقامی پارکس کلین اپ ایونٹ میں شامل ہوں یا خود اس کا انعقاد کریں۔
2. اپنے پالتو جانوروں کی باقیات کو اٹھائیں اور پالتو جانوروں کے فضلے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگائیں۔
3. سڑک پر نمک کے استعمال میں احتیاط برتیں۔ نمک ڈالنے سے پہلے برف کو نرم کریں اور ہٹانے کی کوشش کریں۔
4. کھادوں اور کیڑے مار ادویات / جڑی بوٹیاں تلف کرنے کی ادویات کے استعمال کو کم یا ختم کریں۔
5. گھروں میں استعمال ہونے والے خطرناک مواد مثلاً موٹر آئل، اینٹی فریز اور پینٹس وغیرہ کو ریجن آف پیلز کے کمیونٹی ری سائیکلنگ سنٹرز میں ٹھکانے لگائیں۔

**تاریخ ذہن نشین کر لیں**

رہائشیوں اور مہمانوں کو برامپٹن فارمرز مارکیٹ میں آلودگی سے بچاؤ کے ہفتہ کے پروگراموں میں گیمز، انعامات اور کیچ بیسن آرٹ پروجیکٹ کے تحت مقامی فنکاروں کی جانب سے تیار کردہ کیچ بیسن دیواروں کی نقاب کشائی کی تقریب میں شرکت کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

بروز ہفتہ 23 ستمبر 2023 کو صبح 8 تا دن 1 بجے تک گیج پارک میں۔

کیچ بیسن آرٹ پروجیکٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم، ملاحظہ کریں: سٹی آف برامپٹن | طوفانی پانی | سڑکوں سے ندیوں تک - کیچ بیسن آرٹ پروجیکٹ

**لنکس**

لوکل پارک کلین اپ ایونٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم، ملاحظہ کریں: سٹی آف برامپٹن | پارکس اور کھلی جگہیں | پارکوں کی صفائی

کچرے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں: کمیونٹی ری سائیکلنگ سینٹرز - ریجن آف پیل (peelregion.ca)

اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ ہمارے رہائشی اور کاروبار کس طرح طوفانی پانی کی آلودگی کو روک سکتے ہیں، براہ کرم ملاحظہ کریں: سٹی آف برامپٹن | طوفانی پانی | گھر میں آلودگی سے بچاؤ

**اقتباسات**

"برامپٹن ایک ایسی کمیونٹی ہے جو ایک صحت بخش، ماحول دوست اور مستحکم شہر بنانے کے لیے اپنے قدرتی اور تعمیر شدہ ماحول کا تحفظ، اضافہ اور توازن برقرار رکھتی ہے۔ ہمارے ماحول کی دیکھ بھال میں ہر ایک کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے اور ہماری زمین پر آلودگی کی روک تھام کرنا ہم سب کی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے۔ آلودگی سے بچاؤ کے اس ہفتہ کے دوران ہمارے رہائشی، کاروباری ادارے اور آنے والے مہمان ہمارے اس کام کا جشن منا سکتے ہیں جو ہم برامپٹن کو ایک زیادہ صاف ستھرا اور روشن مستقبل دینے کے لیے کر رہے ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"آج آلودگی کی روک تھام ایک صاف ستھرے اور روشن کل کی ضمانت دیتی ہے۔ اپنے سیارے کو محفوظ رکھنے کے لیے اکٹھے ہونا ہماری زمین، پانی اور ہوا کی حفاظت کے لیے آسان انتخابات کرنے اور جرات مندانہ اقدامات اٹھانے سے شروع ہوتا ہے۔ آلودگی سے بچاؤ کے اس ہفتہ کے دوران، میں ہر ایک کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس بارے میں مزید جانیں کہ آلودگی کو کیسے روکا جا سکتا ہے تاکہ ہم مل جل کر برامپٹن کو ایک صاف ستھرا اور صحت بخش شہر بنانے میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔"

- *مائیکل پیلیسچی، ریجنل کونسلر، وارڈز 2 اور 6؛ چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ ماحولیاتی طور پر ایک مستحکم کل کا آغاز آج کے ذمہ دارانہ اقدامات سے ہوتا ہے۔ ہم اپنے رہائشیوں، کاروباروں اور ملازمین کے ساتھ مل کر برامپٹن کی ماحولیاتی بہتری کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔ سٹی کا گرو گرین پلان ماحولیاتی طور پر ایک مستحکم مستقبل کے لیے ایک خاکہ ہے اور آلودگی سے بچاؤ کے اس ہفتہ کے دوران، ہم برامپٹن کے قدرتی ماحول کے تحفظ کے لیے اپنے اس عزم کی تجدید نو کر رہے ہیں۔"

- *مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمار ساتھ ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط رہیں۔ مزید جانیں: www.brampton.ca

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca

BRAMPTON

Media Release